StudentBounty.com

Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کرکے ناظم مرکز کے حوالے کردیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) غزل میں حالی نے کسے شعر کا زیور قرار دیا ہے؟
الف۔ تشبیہ — ب۔ محاورہ
ج۔ استعارہ — د۔ روزمرّہ

(ii) خوش دامن سے کیا مراد لی جاتی ہے؟
الف۔ ہم زلف — ب۔ ساس
ج۔ دوپٹا — د۔ چادر

(iii) پریم چند کی شہرت کس صنفِ ادب کی وجہ سے ہے؟
الف۔ غزل — ب۔ افسانہ
ج۔ ڈراما — د۔ داستان

(iv) ''تم شراب کی آدھی دکانیں بند کردو میں تمھیں آدھے ہسپتالوں، جرائم کے اڈوں اور جیل خانوں کے بند ہوجانے کی ضمانت دیتا ہوں'' کس کا قول ہے؟
الف۔ ایک پاکستانی ڈاکٹر کا — ب۔ ایک انگریز ڈاکٹر کا
ج۔ ایک ایرانی ڈاکٹر کا — د۔ ایک جرمن ڈاکٹر کا

(v) بیگم راجا نے سنا تھا کہ زلزلے میں اگر کوئی لڑکھڑا جائے اور گر پڑے تو اسے کیا مرض ہوجاتا ہے؟
الف۔ مرگی — ب۔ تشنج
ج۔ پولیو — د۔ تپِ محرقہ

(vi) ''بھائی میں دلی سے آیا ہوں، قلاقند تمہارے واسطے لایا ہوں'' کس کا بیان ہے؟
الف۔ مرزا غالب — ب۔ میر مہدی مجروح
ج۔ میرن صاحب — د۔ خان بہادر

(vii) کس جگہ پہنچ کر نوجوان کی حرکات وسکنات میں متانت پیدا ہوگئی؟ (بحوالہ افسانہ ______ اوورکوٹ)
الف۔ ہائیکورٹ — ب۔ گھر
ج۔ چیرنگ کراس — د۔ ملکہ کا بُت

(viii) ''نہرِ فرات بیچ میں تھی مثلِ کہکشاں'' علم بیان کی رُو سے کہکشاں کیا ہے؟
الف۔ تشبیہ — ب۔ صنعتِ تضاد
ج۔ صنعتِ تلمیح — د۔ صنعتِ لف ونشر

(ix) نظم ''بنجارا نامہ'' کا بنیادی موضوع کیا ہے؟
الف۔ موت ایک اٹل حقیقت — ب۔ موت کی اصلیت
ج۔ موت کی سختی — د۔ موت کی اذیت

(x) ''عشق مہمان ہوا حُسن کے گھر آج کی رات'' اس مصرع میں عشق سے کس طرف اشارہ ہے؟
الف۔ حضرت جبرائیل — ب۔ اللہ تعالیٰ
ج۔ حضرت محمد ﷺ — د۔ حضرت آدمؑ

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(xi) نظم "شامِ رنگین" کس کی تخلیق ہے؟

الف۔ حفیظ جالندھری
ب۔ مرزا غالب
ج۔ علامہ اقبالؔ
د۔ مومن خاں مومنؔ

(xii) جس کا گھر میں بیوی پر بس نہیں چلتا، وہ باہر آ کر کس کو کوستا ہے؟

الف۔ حکومت
ب۔ پاکستان
ج۔ معاشرہ
د۔ سیاست

(xiii) میرؔ کے نزدیک "آفاق کی منزل" سے کیا مراد ہے؟

الف۔ دنیا کی زندگی
ب۔ آخرت کی زندگی
ج۔ قبر کی زندگی
د۔ مذہبی زندگی

(xiv) داغؔ نے دل کو کون سا مقام قرار دیا ہے؟

الف۔ استقامت کا
ب۔ بے کسی کا
ج۔ بے صبری کا
د۔ غم کا

(xv) احمد ندیم قاسمی نے انسان کو کس کی گونج قرار دیا ہے؟

الف۔ رازِ ہستی
ب۔ عصرِ جدید
ج۔ سازِ ارتقاء
د۔ عہدِ قدیم

(xvi) عدالت کی کاروائی اور مقدمے کی کیفیت کو کیا کہا جاتا ہے؟

الف۔ آپ بیتی
ب۔ مکالمہ
ج۔ رُوداد
د۔ ڈراما

(xvii) ہم آواز لفظوں میں ہر لفظ ایک دوسرے کا کیا ہوتا ہے؟

الف۔ ردیف
ب۔ قافیہ
ج۔ مطلع
د۔ مقطع

(xviii) اگر کوئی لفظ اپنے مجازی معنوں میں اس طرح استعمال ہو کہ اس کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق ہو تو اسے کیا کہتے ہیں؟

الف۔ روزمرّہ
ب۔ محاورہ
ج۔ تشبیہ
د۔ استعارہ

(xix) خلاصہ اصل عبارت کا تقریباً ________ ہوتا ہے۔

الف۔ ایک تہائی
ب۔ ایک چوتھائی
ج۔ دوگنا
د۔ دو تہائی

(xx) ایک مکمل غزل میں کم از کم ایک ________ ضرور ہوتا ہے۔

الف۔ مقطع
ب۔ تلمیح
ج۔ محاورہ
د۔ مطلع

---

برائے ممتحن: کُل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: ☐



StudentBounty.com

StudentBounty.com

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ ''دوم'' اور ''سوم'' صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 48)

سوال نمبر۲۔ درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x4=48)

(i) دوسروں پر بھروسا کرنے سے انسانی فطرت پر کیا اثر پڑتا ہے؟ (بحوالہ سبق۔۔۔اپنی مدد آپ)

(ii) شراب کس طرح اُم الخبائث ہے؟

(iii) ہاجرہ مسرور نے افسانہ ''ایک کہانی بڑی پرانی'' میں ہمارے کس معاشرتی المیہ کو موضوع بنایا ہے؟

(یا)

منظور کے انسانی رویہ کے متعلق اپنی رائے دیں۔

(iv) نظم ''بڑھے چلو'' میں اختر شیرانی نے قوم کا کیا پیغام دیا ہے؟

(v) نظم ''طلوعِ اسلام'' میں علامہ اقبالؒ نے امتِ مسلمہ کو کیا درس دیا ہے؟

(یا)

مولانا ظفر علی خاں کی شاملِ نصاب ''نعت'' کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

(vi) درج ذیل تلمیحات کی وضاحت کریں:

الف۔ کوہِ طور — ب۔ نہرِ فُرات

(vii) ذیل میں دیے گئے میر تقی میرؔ کے مطلع سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے:

جس سر کو غرور آج ہے یاں تاج وری کا — کل اس پہ یہیں شور ہے پھر نوحہ گری کا

(viii) حسرتؔ موہانی نے خود کو 'شاعرِ رنگین نوا' کیوں کہا ہے؟

(ix) جو دم ہے وہ ہے بسا غنیمت — سارا سودا ہے جیتے جی کا

درج بالا شعر کا مرکزی خیال اور شاعر کا نام لکھیے۔

(یا)

آتشؔ نے کس خاص حوالے سے سکندر اور دارا کا ذکر اپنی غزل میں کیا ہے؟

(x) تشبیہ کی تعریف کیجیے اور مثال دے کر وضاحت کیجیے۔

(یا)

ردیف کی تعریف کریں اور کسی شعر سے وضاحت کیجیے۔

(xi) مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ تذکیر و تانیث کا فرق واضح ہو جائے:

خواب — مرض — بُلبُل — ضِد

(xii) درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے:

اودھ کی راجدھانی جب فیض آباد سے لکھنؤ منتقل ہوئی تو اس کو چار چاند لگ گئے۔میر تقی میرؔ، انشا اللہ خان انشاؔ، جراُتؔ اور مصحفیؔ وغیرہ نے ادھر کا رخ کیا۔ میر انیسؔ کا خاندان دلی سے پہلے ہی آچکا تھا ان بزرگوں کے دم قدم سے بادشاہوں کے دربار، امرا کی ڈیوڑھیاں اور اہلِ علم کی محفلیں شعر وسخن کے نغموں سے پُر شور بن گئیں۔ناسخ وآتش، وزیر وصبا اور ان کے شاگردوں اور شاگردوں کے شاگردوں نے شعر وادب کے جواہر ریزوں کے ڈھیر لگا دیے۔

StudentBounty.com

## حصہ سوم (کُل نمبر32)

سوال نمبر۳۔ سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ اس کی عمر بتیس برس کے قریب تھی۔ان برسوں میں اس نے کوئی راحت نہ دیکھی تھی جو اس وقت اسے یاد آتی اور اس کی صعوبت میں اضافہ کرتی۔اس کے ماں باپ اس کو بچپن ہی میں داغِ مفارقت دے گئے تھے۔معلوم نہیں اس کی پرورش کس خاص شخص نے کی تھی۔بس وہ ایسے ہی اِدھر اُدھر کی ٹھوکریں کھاتا اس عمر تک پہنچ گیا تھا اور ایک کارخانے میں ملازم ہو کر پچیس روپے ماہوار پر انتہا درجے کی افلاس زدہ زندگی گزار رہا تھا۔

ب۔ اولادِ آدم کے سر پر جو گزری اور گزر رہی ہے اس کی ذمہ داری مشاہیرِ عالم پر عائد ہوتی ہے یہ نِری تہمت طرازی نہیں بلکہ فلسفۂ تاریخ ہے۔ جس سے اس وقت ہمیں سروکار نہیں ہم تو اتنا جانتے ہیں کہ بنی نوعِ آدم کو تاریخ نے اتنا نقصان نہیں پہنچایا۔ جتنا مؤرخین نے، انہوں نے اس کی سادہ اور مختصر سی داستان کو یادگار تاریخوں کا ایک ایسا کیلنڈر بنا دیا جس کے سبھی ہندسے سُرخ نظر آتے ہیں۔چنانچہ طلبہ بوجوہ معقول ان کے حق میں دعائے مغفرت نہیں کر سکتے۔۔۔

سوال نمبر۴۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+5=7)

الف۔ تھا بس کہ روزِ قتلِ شِہ آسماں جنابؑ
نکلا تھا خوں ملے ہوئے چہرے پہ آفتاب
تھی نہرِ علقمہ بھی خجالت سے آب آب
روتا تھا پھُوٹ پھُوٹ کے دریا میں ہر حباب
پیاسی جو تھی سپاہِ خدا تین رات کی
ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی

ب۔ تمھاری تیغ تیز پر وطن کو افتخار ہے
وطن کی مرگ و زیست کا تمھیں پہ انحصار ہے
تمھیں ہو جن کے دل میں اس کا عشق بے قرار ہے
لگائے دل میں اک لگن بڑھے چلو، بڑھے چلو
دلاورانِ تیغ زن بڑھے چلو، بڑھے چلو
بہادرانِ صف شکن بڑھے چلو، بڑھے چلو

سوال نمبر۵۔ کوئی سے تین اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف۔ جو تجھ بِن نہ جینے کو کہتے تھے ہم
سو اس عہد کو اب وفا کر چلے

ب۔ کس تجلّی کا دیا ہم کو فریب
کس دھند لکے میں ہمیں پہنچا گئے

ج۔ ہے انتہائے یاس بھی اک انتہائے شوق
پھر آ گئے وہیں پہ چلے تھے جہاں سے ہم

د۔ ہنستے جو دیکھتے ہیں کسی کو کسی سے ہم
منہ دیکھ دیکھ روتے ہیں کس بے کسی سے ہم

ہ۔ جس دھج سے کوئی مقتل میں گیا وہ شان سلامت رہتی ہے
یہ جان تو آنی جانی ہے، اس جاں کی تو کوئی بات نہیں

سوال نمبر۶۔ ایک گاہک اور دکاندار کے درمیان مہنگائی کے بارے میں مکالمہ لکھیں۔ (5)

سوال نمبر۷۔ اپنے علاقے میں ڈاک کا ناقص انتظام بہتر کرنے کے لیے پوسٹ ماسٹر جنرل کے نام درخواست لکھیے۔ (5)